نظام المدارس پاکستان

366۔ایم ماڈل ٹاؤن لاہور
فون:35176670:(042)

حوالہ نمبر:345-NMP-2022 تاریخ:10-09-2022

# امتحانی پالیسی سال1444ھ / 2023ء

## نظام الاوقات برائے داخلہ

**داخلہ فارم جمع کروانے کا نظام الاوقات درج ذیل ہے:**

سنگل فیس: 10 ستمبر2022ء تا 30 ستمبر2022ء

دوگنا فیس: 1اکتوبر2022ء تا 20اکتوبر2022ء

سہ گنا فیس: 20اکتوبر2022ء تا 10نومبر2022ء

## داخلہ فیس:

| کلاس | امتحانی داخلہ فیس | | |
|---|---|---|---|
| | سنگل | دوگنا | سہ گنا |
| حفظ | 800 | 1100 | 1400 |
| تجوید | 800 | 1100 | 1400 |
| عامہ | 1000 | 1250 | 1500 |
| خاصہ | 1100 | 1500 | 1900 |
| عالیہ | 1300 | 1800 | 2300 |
| عالمیہ | 1600 | 2200 | 2800 |
| ترجمہ وتفسیر | 1000 | 1250 | 1500 |
| عامہ اسپیشل | 2000 | 2800 | 3600 |

**نوٹ: پرچہ جات کی دوبارہ جانچ پڑتال کے لئے فیس مبلغ 600 روپے ہوگی اور اس کے لئے سربراہ ادارہ سے تصدیق شدہ درخواست نظام المدارس پاکستان کو اعلان نتائج کے 10 کے دن اندر دینی ہوگی۔**

1. نظام المدارس پاکستان کی مجلس منتظمہ وعاملہ کے فیصلہ کے مطابق حکومت پاکستان سے منظور شدہ کسی بھی وفاق سے کسی بھی درجے کا سال اول کا امتحان پاس کرنے والا امیدوار بغیر NOC کے صرف مہتمم مدرسہ سے مصدقہ رزلٹ کارڈ کی بنیاد پر نظام المدارس کے ساتھ سال دوم کا امتحان دے سکتا ہے۔
2. میٹرک پاس امیدوار عامہ سال اول ودوم کا امتحان اکٹھا(ایک سال میں) دیں گے۔

3. سابقہ پاس شدہ امتحان کے رزلٹ کارڈ کی کاپی مہتمم مدرسہ سے تصدیق کروا کر لف کریں۔(عامہ کے لیے متوسط + مڈل، خاصہ کے لیے عامہ + میٹرک ،عالیہ کے لیے ایف اے + خاصہ، عالمیہ کے لیے عالیہ + بی اے کی تصدیق شدہ اسناد لف کریں)۔ ایسے طلبہ وطالبات جن کے پاس عصریہ کی کوئی سند نہیں وہ شریعہ کے پاس شدہ امتحان کی تصدیق شدہ سند لف کریں۔

4. امتحان میں کامیابی کے لیے ہر مضمون میں (40)چالیس فیصد نمبر لیناضروری ہے۔

5. تین مضامین مین فیل ہونے والا امیدوار ضمنی امتحان میں فیل شدہ مضامین کا امتحان دینے کا اہل ہو گا۔ اگر تین سے زائد مضامین میں فیل ہو گا تو سارے مضامین کا امتحان دوبارہ دے گا۔

6. سالانہ امتحان 2023ء شعبان المعظم میں منعقد ہو گا شیڈول کا اعلان بعد میں کیاجائے گا۔

7. طلباءوطالبات کے امتحانات ایک ساتھ منعقد ہوں گے۔

8. نظام المدارس سے ملحقہ ایسے مدارس جن میں الشہادۃ العالمیہ دوم کے طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں وہ ان کی تعداد بتائیں تاکہ انہیں بروقت مقالہ جات کے عناوین دیئے جاسکیں۔

9. ترجمہ وتفسیر کورس برئے طالبات صرف ان طالبات کے لیے جو درس نظامی نہیں کر رہیں۔اس سال ترجمہ وتفسیر سال اول کا امتحان ہو گا اور ڈیٹ شیٹ درسیات کے ساتھ ہو گی۔

10. سیشن 23-2022ء میں تجوید کا صرف سال اول کا امتحان ہو گا۔

11. اگر درس نظامی پڑھنے والے تجوید کا امتحان بھی ساتھ دیناچاہتے ہیں تو بروقت آگاہ کریں تاکہ دوپہر میں ان کے پیپر لینے کا بندوبست کیا جاسکے۔

## عامہ (اسپیشل) اور خاصہ (اسپیشل) پالیسی

نظام المدارس پاکستان میٹرک اور ایف اے پاس طلبہ وطالبات کے لیے عامہ اور خاصہ کمبائن کرواتا ہے جس کی پالیسی درج ذیل ہے:

## عامہ (اسپیشل)

عامہ (اسپیشل) یعنی الشہادۃ الثانویہ العامہ اول اور دوم وہ امیدوار کر سکتا ہے جس نے میٹرک پاس کیا ہو۔

## خاصہ (اسپیشل)

خاصہ اسپیشل وہ امیدوار کر سکتے ہیں جنہوں نے ثانویہ عامہ اور ایف-اے پاس کیا ہو اور ثانویہ عامہ اور خاصہ اسپیشل کا امتحان دیتے وقت 2 سال کا وقفہ بھی بنتا ہو۔ اگر دو سال کی مدت پوری نہیں ہو رہی تو خاصہ اسپیشل کا امتحان نہیں دیا جا سکتا ایسی صورت میں خاصہ اول کا امتحان دے سکتے ہیں۔

## سال 2022ء سے دیگر بورڈز سے آنے والے امیدواروں کے لئے سال اول کی پالیسی

کسی بھی دیگر وفاق / بورڈ سے درس نظامی کی کسی بھی کلاس کا سال اول پاس کر کے سال دوم نظام المدارس پاکستان کے ساتھ امتحان دینے والے امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ نظام المدارس کے سال اول کے ایسے مضامین جو سابقہ بورڈ میں نہیں پڑھے ہوں گے ان کا اسپیشل امتحان پاس کرنا ضروری ہو گا۔

## پیپر پیٹرن

1۔ پرچہ معروضی اور اور انشائیہ طرز کا ہو گا۔

2۔ سوال نمبر 1 معروضی سوالات (MCQs) پر مشتمل ہو گا یعنی ہر سوال کے چار آپشن دیئے جائیں گے جس میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگانا ہو گا۔ کل 20 سوال ہوں گے، ہر سوال ایک نمبر کا ہو گا۔

3۔ سوال نمبر 2 اور 3 مختصر سوالات پر مشتمل ہو گا۔ ہر حصے میں 14 سوال ہوں گے اور 10 سوال کرنے ہوں گے۔ ہر سوال 2 نمبر کا ہو گا، کل 40 نمبر ہوں گے۔

4۔ حصہ انشائیہ میں 3 سوال 20 نمبر کے پوچھے جائیں گے جن میں سے دو کرنے ہوں گے یا 10-10 نمبر کے 6 سوال پوچھے جائیں گے اور 4 چار سوال حل کرنے ہوں گے۔ کل 40 نمبر ہوں گے۔

## سوالنامہ بنانے کے قواعد وضوابط

1۔ کسی عنوان یا باب سے 20 فیصد سے زائد سوالات نہیں دیئے جائیں گے۔

2۔ علوم وفنون کی مختلف بنیادی اصطلاحات اور ان کے اجراء واطلاق سے متعلق کم از کم تین سوالات پوچھے جائیں گے۔

3۔ عربی کتب سے عربی متن کا سوال لازمی شامل ہو گا جس میں صرفی ونحوی ترکیب کے بارے میں پوچھا جائے گا یا عربی عبارت کے ترجمہ کے ساتھ اس سے مسائل واحکام کا استدلال بھی کرنا ہو گا۔

4۔ معروضی سوالات مکمل نصاب سے پوچھے جائیں گے۔

## امتحانی طریقہ کار برائے حفظ

**امتحان کے لیے صرف وہی امید اور اہل ہو گا جس نے قرآن پاک یعنی 30 پارے مکمل حفظ کر لئے ہوں۔**

امتحان دو حصوں پر مشتمل ہو گا

1۔ منزل 2۔ علوم شریعہ

## قواعد وضوابط برائے منزل

منزل کے لئے قرآن پاک سے کل 10 سوال پوچھے جائیں گے اور ہر سوال 15 نمبر پر مشتمل ہو گا۔

**نوٹ: طالبعلم کو دوبار موقع دیا جائے گا مگر تیسری بار غلطی پر سوال منسوخ کر دیا جائے گا اور اس سوال کے صفر نمبر ہوں گے۔**

**سوال کے 15 نمبروں کی تقسم درج ذیل طریقے سے ہو گی:**

3 نمبر پارہ، رکوع اور سورۃ کا نام اور 12 نمبر یاداشت کے ہوں گے۔

**نوٹ: سنانے میں ایک اٹکن ہوئی تو 2 نمبر کاٹ لئے جائیں گے، اگر دوسری اٹکن ہوئی تو 4 نمبر کاٹ لئے جائیں گے اور تیسری اٹکن پر سوال منسوخ کر دیا جائے گا اور اس سوال کے صفر نمبر ہوں گے۔**

## قواعد وضوابط برائے علوم شریعہ

- **اجراء قواعد و تجوید کے 30 نمبر** ہوں گے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ امیدوار منزل سنائے ہوئے قواعد تجوید کا خیال رکھ رہا ہے یا نہیں۔
- **لحن کے 10 نمبر** ہوں گے۔ یعنی سنانے کا لحن ولہجہ اور آواز کیسی ہے؟

## فقہی مسائل کے 40 نمبر ہوں گے جن کی تقسیم درج ذیل ہے:

- **دعائیں: 10 نمبر**، امیدوار سے 5 دعائیں پوچھی جائیں گی اور ہر سوال کے 2 نمبر ہوں گے
- **طہارت: 10 نمبر**، طہارت کے بنیادی مسائل مثلاً وضو، غسل، تیمم وغیرہ سے متعلق 5 سوال پوچھے جائیں گے اور ہر سوال کے 2 نمبر ہوں گے۔
- **نماز: 10 نمبر**، نماز کے فرائض، واجبات، سنن، مستحبات وبنیادی مسائل سے 5 سوال پوچھے جائیں گے اور ہر سوال کے 2 نمبر ہوں گے۔
- **ایمانیات: 10 نمبر**، ارکان ایمان، ارکان اسلام وغیرہ سے 5 سوال ہوں گے اور ہر سوال کے 2 نمبر ہوں گے۔

## تجوید کے 40 نمبر ہوں گے

- قواعد تجوید میں سے کم از کم 10 سوال پوچھے جائیں گے اور ہر سوال 4 نمبر پر مشتمل ہو گا۔

## نظم وضبط کے 30 نمبر ہوں گے جو کہ متعلقہ ادارہ کے مہتمم کی مشاورت سے دیئے جائیں گے۔

**امتحان میں کامیابی کے لیے منزل میں 150 میں سے 105 اور علوم شریعہ میں 150 میں سے 75 نمبر لینا ضروری ہیں۔**

**نوٹ: منزل میں فیل امیدوار مکمل فیل تصور کیا جائے گا۔**

## قواعد برائے ناظرہ امتحان

1. ناظرہ کا امتحان ہر 3 ماہ بعد یا مدرسہ کے مطالبہ پر تین ماہ سے قبل منعقد ہو گا۔
2. امتحان نظام المدارس پاکستان کے ضلعی کو آرڈینیٹرز کی نگرانی میں ہو گا، قابل ممتحنین کی لسٹ کو آرڈینیٹرز حضرات نظام المدارس شعبہ امتحانات کو مہیا کریں گے۔ ممتحنین قراء کا مرکزی شعبہ امتحان کی قراء حضرات کی ٹیم سے ممتحن بننے کی اہلیت کا امتحان پاس کرنا ضروری ہو گا۔
3. امتحان کا رزلٹ مرکز نظام المدارس پاکستان جاری کرے گا
4. نظام المدارس پاکستان کی طرف سے کامیاب امیدواروں کو سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا
5. ناظرہ امتحان کے لیے فیس مبلغ 100 روپے ہو گی
6. امتحان دینے والے امیداروں کی فہرست امتحان سے قبل مرکزی شعبہ امتحانات نظام المدارس پاکستان کو بھیجنا ضروری ہو گی۔ مرکز کی طرف سے سرٹیفکیٹ صرف انہی امیدواروں کو جاری کیا جائے گا جن کے ناموں کی فہرست مرکزی شعبہ امتحانات کو بمعہ فیس موصول ہو چکی ہو گی
7. ناظرہ قرآن کی فیس براہ راست نظام المدارس پاکستان کے اکاؤنٹ میں جمع کروائی جائے گی اور فیس کی اصل رسید اور امیدواروں کی فہرست ایک ساتھ مرکز کو بھیجی جائے گی اور ضلعی کو آرڈینیٹر کو صرف رسید کی کاپی دکھائی جائے گی

## ناظرہ کے امتحان کے لیے نصاب درج ذیل ہے:

| نمبر شمار | مضامین | امتحانی مواد |
|---|---|---|
| 1. | قرآن پاک | ناظرہ کا امتحان صرف انہی امیدواروں کا ہو گا جنھوں نے 30 پارے مکمل پڑھ لئے ہوں گے یا مکمل قرآن بغیر اغلاط کے سنانے کی اہلیت رکھتے ہوں۔ |
| 2. | منہاج قاعدہ | مکمل |
| 3. | کلمے | چھ کلمے مکمل حفظ |
| 4. | مسنون دعائیں | دعائے قنوت، آیت الکرسی، نماز جنازہ، کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد دعاء، مسجد میں داخل ہونے سے پہلے اور نکلنے سے پہلے دعاء، بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے اور نکلنے کے بعد دعاء، سفر کی دعاء، فرض نماز کے بعد دعاء، سونے سے پہلے اور بعد کی دعا، علم میں اضافے کی دعا |
| 5. | فقہ | طہارت حاصل کرنے کا طریقہ، وضو کرنے کا طریقہ (فرائض، واجبات، سنن، مستحبات)، نماز کے ضروری مسائل (فرائض، واجباب، سنن، مستحبات)، سجدہ سہو کب واجب ہو تا ہے اور ادا کرنے کا طریقہ کیا ہے؟ انفرادی نماز ادا کرنے کا طریقہ، جماعت سے نماز پڑھنے کا طریقہ، جماعت میں شامل ہونے کا طریقہ، نماز جنازہ پڑھنے کا مکمل طریقہ، نماز عیدین پڑھنے کا مکمل طریقہ |
| 6. | نماز و حفظ | نماز مکمل حفظ اور 30 ویں پارے کی آخری دس سورتیں حفظ |

*** ناظرہ قرآن کے امتحان میں روانی، صحت لفظی، لفظوں کی پہچان، لحن، اجراء قواعد تجوید کا خاص خیال رکھا جائے گا۔**

**نوٹ:** ناظرہ مکمل کرنے والے امیدوار کی عمر اگر دس سال سے زیادہ ہے تو نظام المدارس شعبہ حفظ کے لیے مختص کتاب نصاب علوم شریعہ برائے ابتدائیہ و متوسطہ مکمل پڑھائی جائے اور ساتھ آخری دس سورتوں کے علاوہ آخری پارے میں سے چند اہم سورتیں حفظ کروائی جائیں۔

## امتحانی سنٹر بنانے کے لئے ہدایات

امتحانی سنٹر بنانے کے لیے شرائط درج ذیل ہوں گی:

1. وسطانی یا فوقانی درجے کے ادارے کو سنٹر بنایا جائے گا جن کے پاس اپنے طلبہ / طالبات کی تعداد کم از کم چالیس (40) ہو۔
2. پہلے سے امتحانی سنٹر بننے والے اداروں کو ترجیح دی جائے گی۔

## امتحان میں کامیابی کا تناسب

**تحفیظ القرآن:** منزل میں 70 فیصد اور دیگر مواد میں 50 فیصد (منزل میں فیل مکمل فیل متصور ہو گا)

عامہ، خاصہ، عالیہ، عالمیہ، ترجمہ و تفسیر، تجوید: 40 فیصد یا اس سے زائد

| Grading Formulla | | تقدیرات کلیہ | |
|---|---|---|---|
| **Marks Percentage** | **Grades** | **تقدیرات** | **فیصد نمبر** |
| 90 OR above | A+ | ممتاز عالی | 90 یا اس سے زیادہ |
| 80 To 89 | A | ممتاز | 80 تا 89 |
| 70 To 79 | B | جید جداً | 70 تا 79 |
| 60 To 69 | C | جید | 60 تا 69 |
| 40 To 59 | D | مقبول | 40 تا 59 |

عین الحق بغدادی

ناظم امتحانات نظام المدارس پاکستان